No.UHS/M&P-24/389

Dated: 07.03.2024

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

# پبلک نوٹس

## حکومتِ پنجاب کی Vacant Seat پالیسی کے تحت پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل کالجوں میں موجود ایم بی بی ایس کی خالی نشستوں پر داخلہ برائے سیشن 24-2023

حکومت پنجاب کی 27 فروری 2024ء کو جاری کردہ Vacant Seat Policy کے تحت جن امیدواران نے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے آن لائن پورٹل پر پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل کالجوں میں موجود خالی سیٹوں پر داخلے کیلئے اپنی رضامندی (consent) ظاہر کی ہے، ان کی فہرست بلحاظ میرٹ یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ www.uhs.edu.pk پر موجود ہے۔

پہلے مرحلے پر 7 مارچ 2024ء کو فہرست میں موجود پہلے 121 امیدواروں کو کالجز کی سلیکشن کیلئے بلایا گیا۔ اس عمل کے بعد بھی ایم بی بی ایس کی چند نشستیں خالی ہیں جن پر داخلے کیلئے اب وہ تمام امیدواران جو ایم بی بی ایس کی فہرست کے سیریل نمبر **122** سے **333** پر اور بی ڈی ایس کی فہرست میں سیریل نمبر **1** سے **6** پر موجود ہیں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ **8 مارچ، 2024**ء بروز جمعہ صبح **09:00** بجے ذاتی حیثیت میں یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پہنچیں جہاں پر انھیں ان کے میرٹ اور موجودہ خالی سیٹوں کے مطابق کالج کے انتخاب کا موقع دیا جائے گا۔ کالج کے انتخاب کا طریق کار درج ذیل ہوگا:

i- امیدواران اپنے میرٹ نمبر کی ترتیب کے مطابق ایڈمیشن کمیٹی کے سامنے پیش ہوں گے۔

ii- ان امیدواروں کے لیے لازم ہوگا کہ وہ اپنے ہمراہ مبلغ ایک لاکھ روپے کا بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر بنام "یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور (FTN 5-9021299)" بطور ایڈمیشن ٹوکن فیس ہمراہ لائیں۔

iii- ہر امیدوار کو اُس کی اپنی Preference List کے مطابق اُن تمام کالجوں کے نام سکرین پر دیکھائے جائیں گے جہاں اُس کے میرٹ کے مطابق خالی سیٹیں موجود ہیں۔

iv- امیدوار سے کہا جائے گا کہ وہ اپنی مرضی سے ان کالجوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرلے۔

v- ایک دفعہ کالج منتخب کر لینے پر امیدوار کو متعلقہ کالج کا نام لکھ کر ایڈمیشن فارم پر دستخط کرنا ہوں گے۔

vi- ایڈمیشن فارم پر دستخط کے بعد امیدوار کو انتخاب تبدیل کرنے کا حق نہیں دیا جائے گا۔

vii- کالج کی سلیکشن کے بعد امیدوار کو متعلقہ کالج میں اپنی فیس جمع کرانے کیلئے تین روز کا وقت دیا جائے گا۔ مبلغ ایک لاکھ روپے کی ایڈمیشن ٹوکن فیس امیدوار کی کالج فیس میں ایڈجسٹ کردی جائیگی۔ مقررہ مدت تک فیس جمع نہ کرانے کی صورت میں داخلہ منسوخ کردیا جائے گا اور ایڈمیشن ٹوکن فیس ضبط کرلی جائے گی۔

یاد رہے کہ کالج سلیکشن کیلئے امیدوار کا بذاتِ خود ایڈمیشن کمیٹی کے سامنے پیش ہونا ضروری ہے۔ ایسے امیدوار جو مقررہ تاریخ اور وقت پر ایڈمیشن کمیٹی کے سامنے پیش نہ ہوسکے انھیں دوبارہ موقع نہیں دیا جائے گا۔ امیدواروں کو کالجز ان کے میرٹ اور کالجوں کی ترجیحی ترتیب (Order of Preference) کے مطابق الاٹ کیے جائیں گے۔


**پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور، وائس چانسلر**

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور

فون نمبر: 09-042-99231305

# Selection of Candidates on MBBS Vacant Seats in Private Sector Medical & Dental Colleges in Punjab

## Session 2023-2024

*March 07, 2024*

## PUBLIC NOTICE

1. As per Vacant Seat Policy of Government of the Punjab (vide No. SO(ME-II)2-1/2023 dated 27th February, 2024), 44 seats have been allocated in the first phase (dated March 07, 2024).

2. All remaining eligible candidates (from Sr. No. 122-333 in the Merit List of MBBS Non-Joiners- https://uhs.edu.pk/1stselectionvacant.php) and (from Sr. No. 1-6 in the Merit List of BDS Joined Candidates- https://uhs.edu.pk/1stselectionvacant1.php) are hereby called to appear before the UHS' Admission Committee on **Friday- March 08, 2024 at 09:00 AM**, for on-spot allocation.

3. It must be noted that **Reporting Time for all Candidates shall be 09:00 AM and doors shall be closed at 09:30 AM** (*at Shams Auditorium, University of Health Sciences, Lahore*) and seats shall be filled on the basis of top merit (*it means that the person having higher merit will be called first and will opt his/ her preference as per merit and vacant seat in colleges of corresponding merit*). Accordingly, the candidates are advised to must bring along their original documents and **Bank Draft/ Pay Order amounting to 100,000 PKR as Admission Token Fee (in favor of UHS, Lahore)** *For Pay Order/ Bank Draft* (UHS FTN No.9021299-5).

4. Failure to report at the University as per given time and date shall result in cancellation of candidature. It must be noted that filling of vacant seats shall be purely on merit and physical appearance of the candidate as per given time and date. **Once number of vacant seats is filled, the remaining candidates may not have the chance avail this facility**. The list of colleges with remaining vacant seats and their closing merit is available on UHS Website and the candidates are advised to be prepare themselves for allocation beforehand. Candidates admitted to vacant seats shall deposit prescribed college fee and report to the respective colleges by the specified deadline. Failure to do so will result in the cancellation of admission and forfeiture of the admission token fee.

5. It must also be noted that in-person appearance of the candidate before the Admission Committee is mandatory. Once candidate has selected his preferred college and signed admission form (*as per Order of Merit and Vacant Seat available in the college of corresponding merit*), the seat allocated shall be deemed non-transferrable.

********

**University of Health Sciences (UHS)**
**Specialized Healthcare & Medical Education Department (SH&MED)**
**Government of the Punjab**